ذاتی جائزہ:9

نمبر شمار	وہ جن کے دل کانپ اٹھتے ہیں	ہاں	نہیں
1	میں روزانہ قرآن مجید کی تلاوت کرنے،اس کو سمجھنے اوراس میں غوروفکر کرنے میں ضرور وقت لگاتا / لگاتی ہوں؟		
2	میں قرآن مجید کو پڑھتا / پڑھتی ہوں تو میرا دل اللہ تعالیٰ کی عظمت و بڑائی سے بھر جاتا ہے؟		
3	قرآن مجید کی آیات پڑھتے ، سنتے اوران پر غوروفکر کرتے وقت میرے دل پر رقت طاری ہوجاتی ہے؟		
4	کتنی بار ایسا ہوتا ہے کہ آیات پڑھتے ، سنتے اوران پر غوروفکر کرتے ہوئے میرے آنسو بہہ رہے ہوتے ہیں؟		
5	قرآن سنتے ہوئے ، ذکر کی مجالس اور تنہائی میں میرا دل اللہ کی طرف متوجہ رہتا ہے؟		
6	قرآن مجید پڑھتے ہوئے جب سچے اور صالح لوگوں کا ذکر آتا ہے تو میں دعا مانگتا / مانگتی ہوں کہ اے اللہ! مجھے بھی ان لوگوں میں شامل کردے۔		
7	میں قرآن حکیم کی نصیحتوں اوراحکامات پر عمل کرنے کی پوری کوشش کرتا / کرتی ہوں؟		
8	میں قرآن کی آیات کی روشنی میں اپنے اخلاق میں بہتری لانے کی کوشش کرتا رہتا / کرتی رہتی ہوں؟		
9	میں اللہ کی توحید ربوبیت،توحید الوہیت،توحید اسماوصفات کو پڑھنے ، جاننے اور سمجھنے کی پوری کوشش کرتا رہتا / کرتی رہتی ہوں؟		
10	میں ہر کام اللہ کی خاطر کرنے کی پوری کوشش کرتا / کرتی ہوں؟		
11	میں زندگی کے تمام معاملات میں اپنے رب پر بھروسہ کرتا / کرتی ہوں؟		
12	میں اللہ تعالیٰ کی محبت پانے کے لیے ہر کام میں رسول اللہ ﷺ کی اتباع کرنے کی پوری کوشش کرتا / کرتی ہوں؟		
13	میں اللہ کی تخلیقات یعنی آسمان ، زمین ، سورج ، چاند، ستاروں ، دن ، رات ، پہاڑ ، درخت ، سمندر ، بارش ، پودوں ، چرند پرند وغیرہ میں غوروفکر کرتا رہتا / کرتی رہتی ہوں؟		
14	میں اپنے ایمان کا جائزہ لیتا رہتا / لیتی رہتی ہوں؟		
15	میں اس بات کی فکر کرتا / کرتی ہوں کہ میں کوئی ایسا کام نہ کروں جس سے میرا ایمان کم ہو یا کمزور ہو؟		
16	اللہ کی نافرمانی کرتے ہوئے اللہ کو یاد کرکے میں اپنے گناہ سے کنارہ کشی اختیار کرلیتا / لیتی ہوں؟		
17	میں زیادہ سے زیادہ نیک اعمال کرنے کی حرص رکھتا / رکھتی ہوں؟		
18	میں لوگوں کی اچھائیوں کو یاد رکھتا / رکھتی ہوں؟ اور برائیوں سے درگزر کرتا / کرتی ہوں؟		
19	میں اپنے بھائی کے لیے بھی وہی پسند کرتا / کرتی ہوں جو میں اپنے لیے پسند کرتا / کرتی ہوں؟		
20	میں اپنے ایمان کو کامل کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ کے ناموں کو معلوم کرکے ان کے معانی کو سمجھ کر ان پر ایمان لاتا / لاتی ہوں؟		
21	میں ایمان سے مزین ہونے کی دعا کرتا رہتا / کرتی رہتی ہوں؟		
22	میں کوشش کرتا / کرتی ہوں کہ صدقہ جاریہ کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لوں خاص طور پر رمضان میں؟		

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION